MILLIONS OF CATS

Wanda Gag

"The first true 'picture book' by an American artist"

"Beauty at the heart of all life is the keynote to the work of Wanda Gag and the source of its power, whether expressed in one of her memorable prints or in an intimate picture of the home of the very old man in MILLIONS OF CATS. Clear memory of her own happy childhood and a kinship with all children made her respect their intelligence, and gave them at once ease and joy in their company."

WANDA GAG

(Pronouced it "Gaag - to rhyme with jog, not with bag please!)
" Life without a drawing mood is miserable, miserable, miserable....."
"I believe it is just the modern children who need (fairy tales) since their lives are already over-balanced on the side of steel and stone and machinery." - Wanda Gag

Once upon a time there was a very old man and a very old woman. They lived in a nice
clean house which had flowers all around it, except where the door was. But they couldn't be happy because
they were so very lonely.

ایک بوڑھا آدمی تھا اور ایک بوڑھی عورت تھی۔ وہ ایک بہت صاف ستھرے گھر میں رہتے
تھے۔ دروازے کی جگہ کو چھوڑ کر گھر کے چاروں طرف پھولوں کی ایک کیاری تھی۔ لیکن پھر
بھی وہ خوش نہیں تھے۔ وہ بہت اکیلا پن محسوس کرتے تھے۔

“If only we had a cat!” sighed the very old woman.
“A cat?” asked the very old man.
“Yes, a sweet little fluffy cat,” said the very old woman.
“I will get you a cat, my dear,” said the very old man.

' کاش ہمارے پاس ایک بلی ہوتی۔' بوڑھی عورت نے آہ بھرتے ہوئے کہا۔

' بلی؟' بوڑھے آدمی نے کہا۔

'ہاں، ایک پیاری چھوٹی اور رُوئیں دار بلی،' بوڑھی عورت نے کہا۔

' میں تمہارے لیے ضرور ایک بلی لاؤں گا،' بوڑھے آدمی نے کہا۔

And he set out over the hills to look for one. He climbed over the sunny hills. He trudged through the cool valleys. He walked a long, long time and at last he came to a hill which was quite covered with cats.

پھر وہ بلی تلاش کرنے نکل پڑا۔

اُس نے دُھوپ میں ڈھکی پہاڑیاں پار کیں۔ وہ ٹھنڈی گھاٹیوں میں سے ہو کر گُزرا۔

وہ لگاتار چلتا رہا۔ آخر میں وہ ایک ایسی پہاڑی پر پہنچا جو بلیوں سے ایک دم لدی ہوئی تھی۔

Cats here, cats there,
Cats and kittens, everywhere,
Hundreds of cats,
Thousand of cats,
Millions and billions and trillions of cats.

یہاں بھی بلی، وہاں بھی بلی

جہاں بھی دیکھو، وہاں پے بلی

چِیں چِیں، پوں پوں، چِلاپِلا

لاکھوں کروڑوں، بِلابِلی

“Oh,” cried the old man joyfully, “Now I can choose the prettiest cat and take it home with me!” So he chose one. It was white.
But just as he was about to leave, he saw another one all black and white and it seemed just as pretty as the first. So he took this one also.

' وہاں !' خوشی سے بوڑھا آدمی چِلایا۔

' اب میں سب سے خوبصورت بلی کو چُن کر لے جاسکوں گا۔ '

پھر اُس نے ایک بلی چُنی۔ اُس کا رنگ سفید تھا۔

لیکن جیسے ہی وہ چلنے کو تیار ہوا اُسے ایک کالی سفید بِلی دِکھائی دی۔

وہ بھی پہلی بِلی کی طرح ہی خوبصورت تھی۔

اُس نے اِس بِلی کو بھی ساتھ لے لیا۔

But then he saw a fuzzy gray kitten way over here which was every bit as pretty as the others so he took it too.
And now he saw one way down in a corner, which he thought too lovely to leave so he took this too.

پھر اُسے ایک رُوئیں دار، سلیٹی بِلی دِکھائی دی۔

وہ بھی رنگ رُوپ میں اوروں سے کوئی کم نہ تھی۔

اِس لیے اُس نے اُسے بھی اپنے ساتھ لے لیا۔

پھر اُسے کونے میں ایک اور بِلی دِکھائی دی۔

اُسے اِس خوبصورت بِلی کو چھوڑ کر جانا کُچھ ٹھیک نہیں لگا۔

اُس نے اُسے بھی ساتھ لے لیا۔

And just then, over here, the very old man found a kitten, which was black and very beautiful.
"It would be a shame to leave that one," said the very old man. So he took it.

بس تبھی اُس بوڑھے کو ایک بِلی کا بچہ نظر آیا
جو کالا اور بے حد خوبصورت تھا۔
' اِسے چھوڑ کر جانا تو بہت شرم کی بات ہو گی۔'
بوڑھے آدمی نے کہا۔
اُس نے اسے بھی ساتھ لے لیا۔

پھر اُسے ایک بِلی دِکھائی دی جِس کی پیٹھ پر چِیتے کے بچے جیسی پیلی اور بُھوری دَھارِیاں تھیں۔
' اِسے تو لے کر جانا ہی چاہیئے،' بوڑھا آدمی چِلایا
اور اُس نے اُس بِلی کو بھی ساتھ لے لیا۔

So it happened that every time the very old man looked up, he saw another cat which was so pretty he could not bear to leave it, and before he knew it, he had chosen them all.

کُچھ ایسا ہوا کہ ہر بار جب بھی بوڑھا آدمی اپنا سر اُٹھاتا،

تو اُسے ایک اور خوبصورت سی بِلی نظر آجاتی۔

وہ اُس بِلی کو بھی ساتھ لے لیتا۔

اِس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آخر میں اُس نے سبھی بِلیوں کو ساتھ لے لیا۔

And so he went back over the sunny hills and down through the cool valleys, to show all his pretty kittens to the very old woman. It was very funny to see those hundreds and thousands and millions and billions and trillions of cats following him.

اب وہ واپس گھر چلا۔

وہ دُھوپ سے ڈھکی پہاڑیوں اور ٹھنڈی گھاٹیوں کو پار کرتا گھر چلا،

جِس سے کہ وہ بوڑھی عورت کو ڈھیروں خوبصورت بِلیاں دِکھاسے۔

اُن ہزاروں، لاکھوں، کروڑوں بِلیوں کو اُس کے پیچھے پیچھے چلتے دیکھ کر بڑا عجیب سا لگ رہا تھا۔

They came to a pond.
"Mew, mew! We are thirsty!" cried the
Hundreds of cats,
Thousands of cats,
Millions and billions and trillions of cats.

وہ ایک تالاب کے پاس پہنچا

' میاؤں، میاؤں! ہمیں پیاس لگی ہے۔'

ہزاروں، لاکھوں، کروڑوں بِلیاں

ایک ساتھ چِلائیں۔

"Well, here is a great deal of water," said the very old man.
Each cat took a sip of water, and the pond was gone!

' فکر کی کوئی بات نہیں ہے، یہاں ڈھیر سارا پانی ہے،' بوڑھے آدمی نے کہا۔

ہر ایک بِلی نے ایک ایک گھُونٹ ہی پانی پِیا کہ پورا تالاب ہی خالی ہو گیا۔

“Mew, mew! Now we are hungry!” said the
Hundreds of cats,
Thousands of cats,
Millions and billions and trillions of cats.

' میاؤں میاؤں ! ہمیں بُھوک لگی ہے
ہزاروں، لاکھوں، کروڑوں بِلیاں
ایک ساتھ چِلائیں۔

“There is much grass on the hills,” said the very old man.
Each cat ate a mouthful of grass and not a blade was left!

' اِس پہاڑی پر خوب گھاس ہے،' بوڑھے آدمی نے کہا۔
ہر ایک بِلی گھاس کا صرف ایک تِنکا ہی چکھ سکی کہ پہاڑی کی
ساری گھاس ایک دم صفاچٹ ہو گئی۔

Pretty soon the very old woman saw them coming.
"My dear!" she cried, "What are you doing?
I asked for one little cat, and what do I see? – تھوڑی دیر میں بوڑھی عورت نے اُنہیں آتے ہوئے دیکھا۔

' ارے!' وہ چِلائی، ' یہ تم نے کہا کیا؟
میں نے تو صرف ایک بِلی مانگی تھی۔
پھر مُجھے تو یہاں بِلیوں کی بارات نظر آ رہی ہے۔'

"Cats here, cats there,
Cats and kittens everywhere,
Hundreds of cats,
Thousands of cats,
Millions and billions and trillions of cats.

یہاں بھی بِلی، وہاں بھی بِلی
جہاں بھی دیکھو، وہاں پے بِلی
چیں، چیں، پوں پوں، چِلا پِلا
لاکھوں کروڑوں، بِلا بِلی

"But we can never feed them all," said the very old woman, "They will eat us out of house and home."
"I never thought of that,' said the very old man, "What shall we do?"
The very old woman thought for a while and then she said, "I know! I will let the cats decide which one we should keep."
"Oh yes," said the very old man, and he called to the cats, "Which one of you is the prettiest?"
"I am!"
"I am!"
"No, I am!"
"No, I am the prettiest!" "I am!"
"No, I am! I am! I am! " cried hundreds and thousands and millions and billions and trillions of voices, for each cat thought itself the prettiest.
And they began to quarrel.

' ہم اِتنی بلیوں کو کیسے کھانا کِھلا پائیں گے ؟ بوڑھی عورت نے پوچھا۔ ؛ یہاں تو ہمارا پورا گھر ہی کھا جائیں گی۔ '

' میں نے اِس بارے میں تو سوچا ہی نہیں، بوڑھا بولا، ' اب ہم کیا کریں ؟'

بوڑھی عورت کُچھ دیر سوچتی رہی۔ پھر اُس نے کہا، ' مُجھے معلوم ہے ! ہم بِلیوں کو ہی فیصلہ کرنے دیں گے کہ اُن میں سے کون ہمارے پاس رہے گی۔

' ٹھیک ہے، ' بوڑھے آدمی نے کہا اور اُس نے ساری بِلیوں کو بُلا کر پوچھا، ' تُم میں سے سب سے خوبصورت کون ہے ؟'

'میں ہوں !، میں ہوں !، ' ' نہیں، میں سب سے خوبصورت ہوں ! ' میں ہوں !'

' نہیں میں ہوں ! میں ہوں !' ہزاروں، لاکھوں، کروڑوں بِلیاں ایک ساتھ چِلائیں۔ کیونکہ ہر ایک اپنے آپ کو سب سے خوبصورت سمجھتی تھی۔

پھر سبھی بِلیاں آپس میں لڑنے لگیں۔

They bit and scratched and clawed each other and made such a great noise that the very old man and the very old woman ran into the house as fast as they could. They did not like such quarrelling. But after a while the noise stopped and the very old man and the very old woman peeped out of the window to see what had happened. They could not see a single cat!

بِلیاں ایک دوسرے کو نوچنے کھروچنے لگیں۔
اُنہوں نے اِتنے زور کا شور مچایا کہ بے چارہ بوڑھا
آدمی اور بے چاری بوڑھی عورت جلدی سے دوڑ کر گھر
میں گُھس گئے۔ اُنہیں یہ سب لڑائی جھگڑا بالکل
اچھا نہ لگا۔
لیکن کُچھ دیر بعد باہر سے آواز آنا بند ہو گئی۔
تب بوڑھے آدمی اور بوڑھی عورت نے کھڑکی سے باہر جھانک کر دیکھا۔
اُنہیں ایک بھی بِلی نظر نہیں آئی!

' مجھے لگتا ہے کہ ساری بِلیاں ایک دُوسرے کو کھا
گئی ہیں، ' بوڑھی عورت نے کہا۔ ' یہ بہت خراب بات ہے۔
' ذرا اِدھر دیکھو، ' بُوڑھے آدمی نے اُونچی گھاس کہ طرف
اِشارہ کرتے ہوئے کہا۔ وہاں چھوٹی سی، گھبرائی ہوئی
بِلی کی ایک بچی بیٹھی تھی۔ اُنہوں نے وہاں جا کر اُسے
گود میں اُٹھا لیا۔ وہ ایک دم دُبلی پتلی اور دیکھنے
میں مریل تھی سی۔

"I think they must have eaten each other all up," said the very old woman, "It's too bad!" "But look!" said the very old man, and he pointed to a bunch of high grass. In it sat one little frightened kitten. They went out and picked it up. It was thin and scraggly.

"Poor little kitty," said the very old woman.
"Dear little kitty," said the very old man, "how does it happen that you were not eaten up with all those hundreds and thousands and millions and billions and trillions of cats?"
"Oh, I'm just a very homely little cat," said the kitten, "So when you asked who was the prettiest, I didn't say anything. So nobody bothered about me.

' بیچاری، بِلی کی بچی، ' بوڑھی عورت نے کہا۔

' پیاری، بِلی کی بچی، ' بوڑھے آدمی نے کہا۔

' یہ کیسے ہوا کہ اُن ہزاروں، لاکھوں، کروڑوں بِلیوں نے تُمہیں نہیں کھایا؟'

' میں تو بس ایک چھوٹی سی گھریلو بِلی ہوں، ' بِلی کی بچی بولی۔

' جب آپ نے پوچھا کہ کون سی بِلی خوبصورت ہے، تب میں چُپ رہی اور کُچھ نہیں بولی۔

اِس لئے مجھ پر کِسی نے کُچھ دھیان نہیں دیا۔'

They took the kitten into the house, where the very old woman gave it a warm bath and brushed its fur until it was soft and shiny.

وہ اُس بِلی کی بچی کو گھر کے اندر لے گیا۔

وہاں بوڑھی عورت نے اُسے گرم پانی سے نہلایا اور برش سے اُس کے مُلایم اور چمکیلے بال سنوارے۔

Every day they gave it plenty
of milk –

- and soon it grew nice and plump.

روز وہ بِلی کو خوب سارا اُودھ پینے کو دیتے۔

جلدی ہی وہ اچھی اور موٹی تازی ہو گئی۔

"And it is a very pretty cat, after all!" said the very old woman.
"It is the most beautiful cat in the whole world," said the very old man.
"I ought to know, for I've seen –
Hundreds of cats,
Thousands of cats,
Millions and billions and trillions of cats - and not one was as pretty as this one."

' آخر میں ہمیں ایک خوبصورت سی بِلی مِل ہی گئی،' بوڑی عورت نے کہا۔

'یہ دُنیا کی سب سے خوبصورت بِلی ہے،' اس بوڑھے آدمی نے کہا۔

' مجھے اِس کے بارے میں پتا ہے کیونکہ میں نے ہزاروں، لاکھوں، کروڑوں بِلیاں دیکھی ہیں۔

لیکن اُن میں سے کوئی بھی بِلی اِس جیسی خوبصورت نہیں تھی۔